سوال

(70) سگریٹ پینے اور داڑھی مونڈا امام کے پیچھے نماز

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص بیڑی سگریٹ پیتا یا داڑھی مونڈتا یا ازار کو ٹخنوں سے نیچے لٹکا کے رکھتا ہو یا اسی قسم کی اور کسی معصیت کا ارتکاب کرتا ہو اس کی امامت کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر وہ اللہ کے مشروع کردہ طریقہ پر نماز ادا کرتا ہے تو اہل علم کے اجماع کے مطابق اس کی نماز درست ہے نیز اگر وہ لوگوں کا امام ہے تو اس کی اقتدا میں پڑھنے والوں کی نماز بھی علماء کے صحیح ترین قول کے مطابق درست ہے۔

رہا کافر شخص تو نہ تو خود اس کی نماز درست ہو گی اور نہ اس کی اقتدا میں پڑھنے والوں کی کیونکہ نماز کی صحت کے لیے اسلام بنیادی شرط ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

صفحہ: 132

محدث فتویٰ